**فوری ریلیز کے لیے:** 8/8/2022 ***KATHY HOCHUL گورنر***

## ***گورنر HOCHUL نے قانون سازی کے پیکج پر دستخط کیے ہیں تاکہ شفافیت کی بالا دستی کو فروغ دیا جائے اور انصاف کے عمل میں شامل افراد کے وقار کو بحال کیا جائے***

***قانون سازی (A.6977A/S.643A) اس سلسلے میں ضمانت والے افراد کی مدد کرتی ہے کہ وہ کمیونٹی کی نگرانی کے مطلوبہ پروگرامز کے اوقات کو کام نہ کرنے کے اوقات تک وسعت دیتے ہوئے ملازمتوں کو برقرار اور اپنی تعلیم کو جاری رکھ سکیں***

***قانون سازی (A.9273/S.8216) ریاستی قانون میں استعمال شدہ پرانی اصطلاحات کی درستگی کرتے ہوئے زیرِ حراست افراد کے لیے نقصان دہ معیوب تصور کو کم کرتی ہے***

گورنر Kathy Hochul نے قانون سازی کے ایک پیکج پر دستخط کیے ہیں تاکہ شفافیت کی بالا دستی کو فروغ دیا جائے اور ان افراد کے وقار کو بحال کیا جائے جو مجرمانہ نظامِ انصاف سے متاثر ہو چکے ہیں۔ نئی قانون سازی ضمانت والے افراد کی اس طرح مدد کرے گی کہ ضمانت والے افراد جو اوقات کمیونٹی کی نگرانی کے پروگرامز میں صرف کر سکتے ہیں، انہیں وہ کام نہ کرنے کے اوقات تک وسعت دیتے ہوئے اپنی ملازمتوں کو برقرار رکھ سکیں یا تعلیم اور تربیتی مواقع حاصل کر سکیں۔ مزید برآں، نئی قانون سازی ریاستی قانون میں زیرِ حراست افراد کا حوالہ دینے کے لیے استعمال شدہ پرانی اصطلاحات کی درستگی کرتے ہوئے زیرِ حراست افراد کے لیے نقصان دہ معیوب تصور کو کم کرے گی۔

"نیویارک میں، ہم اپنے اختیار میں ہر وہ چیز کر رہے ہیں جس سے یہ ظاہر ہو کہ انصاف اور سلامتی شانہ بشانہ چل سکتے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہم انصاف کے عمل سے وابستہ افراد کو بیک وقت اپنی بحالی کے پروگرام اور کام مکمل کرنے کا موقع فراہم کرتے ہوئے اپنی گلیوں اور کمیونٹیز کو محفوظ تر بنا سکتے ہیں۔ نیویارک کے تمام رہائشیوں کے ساتھ وقار اور احترام کے ساتھ پیش آتے ہوئے، ہم عوامی سلامتی کو بہتر بنا سکتے ہیں جبکہ اس دوران اس بات کو یقینی بنا سکتے ہیں کہ نیویارک کے رہائشیوں کو دوسرا موقع دیا جائے۔"

قانون سازی (A.6977A/S.643A) ضمانت والے افراد کے لیے، جو اوقات کمیونٹی کی نگرانی کے پروگرامز میں وہ صرف کر سکتے ہیں، انہیں کام نہ کرنے کے اوقات تک وسعت دیتی ہے، جس سے انہیں اپنی ملازمتیں برقرار رکھنے یا اپنے تعلیمی پروگرامز کو جاری رکھنے میں مدد ملے گی۔ ضمانت والے افراد سے اکثر مطلوب ہوتا ہے کہ وہ کام کے اوقات میں نشہ آور امواد کے غلط استعمال کے علاج اور بحالی نو کے دیگر پروگرامز حاصل کریں، جن کے باعث ان کے لیے اپنی ملازمتیں برقرار رکھنا یا تعلیمی یا تربیتی کورسز جاری رکھنا مشکل ہو جاتا ہے۔ ضمانت والے افراد کی تعلیم، تربیت، یا ملازمت کے شیڈولز میں کمیونٹی کی نگرانی کے پروگرامز کو بہتر انداز میں ضم کرتے ہوئے، یہ قانون سازی ان کے لیے ممکن بنائے گی کہ وہ بحالی کے پروگرامز اور تعلیمی مواقع دونوں کو ترجیح دے سکیں۔

**ریاستی سینیٹر Luis Sepulveda نے کہا،** "S.643A کے تحت DOCCS سے تقاضا کیا جائے گا کہ کسی برسرِ روزگار ضمانتی شخص کو اس بات کی اجازت دے کہ کام نہ کرنے کے اوقات، جیسے رات کو اور ہفتہ وار تعطیلات پر، نشہ آور امواد کے استعمال کے علاج معالجے اور بحالی کے پروگرامز حاصل کریں، بجائے اس کے کہ

موجودہ طریقۂ کار جاری رکھیں جو ان سے تقاضا کرتا ہو کہ کاروباری دن کے دوران پروگرامز میں حصہ لینے کی خاطر کام سے چھٹی لیں اور ملازمت سے ہاتھ دھو بیٹھنے کے خطرے کا شکار ہوں۔ کئی پروگرامز اپنی خدمات دن کے اوقات میں، راتوں کو اور ہفتہ وار تعطیلات پر فراہم کرتے ہیں، یا اپنے کلائنٹس کی ضروریات پوری کرنے کی خاطر ایسا کرتے ہیں۔ ضمانتیوں سے اس بات کا تقاضا کرنا کہ پروگرامنگ میں حاضری کے لیے اپنی ملازمتیں چھوڑیں یا گنوا دیں، بذاتِ خود ضمانتی نگرانی کے بنیادی مقصد کی خلاف ورزی ہے جس کا مقصد ہی یہ ہے کہ ملازمتوں کے تحفظ اور معاشرے کا مفید فرد بننے میں ضمانتیوں کی مدد کی جائے۔ گورنر Hochul میں آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گا کہ آپ نے اس اہم قانون سازی پر دستخط کر کے اس کو قانون کی شکل دی۔"

**رکنِ اسمبلی Maritza Davila نے کہا،** "قانون سازی کے اس اہم حصے پر دستخط کرنے پر میں گورنر Kathy Hochul کو سراہتی ہوں، کیونکہ یہ اصلاحی سہولت گاہوں میں سے واپس آنے والوں کو معاشرتی دھارے میں دوبارہ بہتر انداز میں شامل کرنے لیے درکار چیزوں میں سے ایک ہے، یہ بل ان افراد کے لیے ممکن بنائے گا کہ کل وقتی ملازمت یا تعلیمی ذمہ داریاں دونوں نبھائیں تاکہ نشہ آور امواد کے غلط استعمال اور بحالی کے دیگر پروگراموں میں اپنے تقاضے پورے کرنے کی خاطر اپنی راتوں اور ہفتہ وار تعطیلات کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنے فرائض کی انجام دہی کر سکیں، خواہ بالمشافہ ہوں یا ویڈیو میٹنگز کے ذریعے ہوں۔ ایک معاشرے کے طور پر ہمیں ہر وہ چیز کرنے کی ضرورت ہے جو ہم معاشرے میں واپس منتقلی کو آسان بنانے کے لیے کر سکتے ہیں اور قانون سازی کا یہ حصہ اس کام کو انجام دیتا ہے۔"

قانون سازی (A.9273/S.8216) ریاستی قانون میں "قیدی" کے لفظ کی صورتوں کو "زیرِ حراست فرد" سے تبدیل کرتی ہے۔ وہ افراد جو مجرمانہ نظامِ انصاف سے متاثر ہو چکے ہیں وہ ایک عرصے سے مجرم، قیدی، مقید، اور رذیل ملزمان افراد جیسی اصطلاحات ملاحظہ کر چکے ہیں اور اس خیال کے حامل ہیں کہ زیرِ حراست افراد کو مستقل طور پر مکروہ اور بدنام کر دینا چاہیئے۔ ریاستی قانون میں زبان کا یہ ردوبدل مجرمانہ نظامِ انصاف کے شکار لوگوں کے خلاف بدنامی کو کم کرے گا اور اسی طرح مواقع کی راہ میں آنے والی رکاوٹوں کو ختم کرے گا جن کا ان کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ سابقہ قانون سازی نے ریاستی قانون کی تمام صورتوں کا احاطہ کیا تھا تاہم 2021 میں قانون سازی کے فعال اجزاء کا احاطہ نہیں کیا تھا جن کو دستخط کے ذریعے قانون میں شامل کیا گیا تھا اور اس میں "قیدی" کی اصطلاح شامل تھی۔

**ریاستی سینیٹر Gustavo Rivera نے کہا،** "زبان سے فرق پڑتا ہے۔ مجھے فخر ہے کہ نیویارک کے ریاستی قانون میں لفظ قیدی کی تمام صورتوں کو زیرِ حراست فرد سے تبدیل کرنے کے حوالے سے میرے پیش کردہ بِل پر آج گورنر Hochul کی جانب سے دستخط کیے گئے ہیں۔ بہت مدت تک، ہم بطور معاشرہ زیرِ حراست افراد کو لوگوں سے کچھ کمتر سمجھتے تھے۔ لفظ "قیدی" کا استعمال ان کی مزید توہین اور حوصلہ شکنی کرتا ہے۔ یہ ایک اور ٹھوس اقدام ہے جو ہماری ریاست لے رہی ہے تاکہ ہمارے مجرمانہ نظامِ انصاف کو ایسا نظام بنایا جائے جو کُلی طور پر سزا پر انحصار کرنے کی بجائے، بحالی پر توجہ مرکوز رکھتا ہو۔"

**رکن اسمبلی Jeffrion L. Aubry نے کہا** "تعزیراتی اصطلاحات جیسے مجرم، قیدی، مقید، مرتکب، اور رذیل ملزم، لوگوں کی اہانت اور بدنامی کرتی ہیں۔ 'زیرِ حراست فرد' جیسی اصطلاح کا استعمال لوگوں میں انسانیت کو تسلیم کرنا ہے اور یہ انسانوں کی قابلِ بحالی قدر کی وضاحت کرتا ہے۔ اس نئے قانون کے ذریعے ان پرانی اصطلاحات کی درستگی کی کوشش کی گئی ہے جو کسی فرد کی اپنی کمیونٹی میں واپسی کو منفی انداز میں متاثر کرتی ہیں۔"

###

اضافی خبریں یہاں دستیاب ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیویارک | ایگزیکٹو چیمبر | 518.474.8418 | press.office@exec.ny.gov